13/01/2025
07.40 PM

**Signature Tune**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنئے

**ہیڈ لائنز**

آداب

یہ آکاش وانی کا سرینگر سٹیشن ہے۔ اب آپ تجمل احمد سے خبریں سُنیئے۔

☆............وزیر اعظم نریندر مودی کے ہاتھوں سونہ مرگ ٹنل پروجیکٹ کا افتتاح // کہا مرکزی سرکار جموں کشمیر کے لوگوں کے احساسات کو پورا کرنے کیلئے پرعزم۔

☆............لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے پروجیکٹ کو جموں کشمیر اور لداخ کی اقتصادی اور سماجی ترقی کیلئے کلیدی نوعیت کا دیا قرار۔

☆............وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سونہ مرگ ٹنل کا افتتاح کرنے کیلئے وزیر اعظم کا کیا شکریہ ادا // جموں کشمیر کا سٹیٹ ہڈ جلد از جلد بحال کرنے کی دُہرائی امید۔

اور

☆............بھارت اور سعودی عرب کے درمیان حج **2025** کے معاہدے پر دستخط // بھارت کو ایک لاکھ **75** ہزار نشستوں کا کوٹا حاصل۔

**وزیر اعظم ٹنل**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں تعمیر ہو رہے نئے ٹنل، سڑک، اسپتال اور کالج پروجیکٹوں سے اُس نیا کشمیر کے خواب کو شرمندہ تعبیر کیا جا رہا ہے جس کا انہوں نے وعدہ کیا تھا۔ آج گگن گیر سونہ مرگ میں **6** اعشاریہ **4** کلومیٹر لمبے ٹنل کا افتتاح کرنے کے بعد ایک بھاری عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ جموں کشمیر اب اعلیٰ معیار کے بنیادی ڈھانچے کا ایک مرکز بن رہا ہے جن میں پُل، ٹنل اور روپ ویز شامل ہیں۔

...... ...... ......**(PM)...Byte**...... ...... ......

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ سونہ مرگ ٹنل کی تکمیل سے کشمیر کے ساتھ ساتھ کرگل اور لیہہ میں بھی سماجی و اقتصادی سرگرمیوں کو دوام حاصل ہوگا اور لوگوں کو عبور و مرور کی آسان اور معیاری سہولیات دستیاب ہوں گی۔ نریندر مودی نے کہا کہ انہیں اس بات کیلئے مسرت ہو رہی ہے کہ ٹنل پروجیکٹ پر ان کی حکومت کے دوران ہی کام شروع ہوا اور ان کی ہی حکومت نے اسے مکمل کیا۔

...... ...... ......**(PM)...Byte**...... ...... ......

نریندر مودی نے پچھلے برس اکتوبر مہینے کے دوران ایک دہشت گردانہ حملے میں مارے گئے ٹنل کے کام پر مامور سات ورکروں کو بھی خراج عقیدت ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر، بھارت کا تاج ہے اور وہ چاہتے ہیں کہ یہ تاج مزید مضبوط اور خوبصورت بنیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکار جموں کشمیر کے لوگوں کے احساسات کو پورا کرنے کیلئے کام کرتی رہے گی تاکہ جموں کشمیر ترقی کی ایک مثال بن سکے۔

**نتن گڈکری**

سڑک و شاہراؤں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایشیا کے اس سب سے اونچے ٹنل کی تعمیر کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لایا گیا اور اس کی تعمیر میں ہمارے انجینئروں اور دیگر ورکروں نے محنت اور جانفشانی کے ساتھ کام کیا جس کیلئے وہ مبارکبادی اور شاباشی کے مستحق ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سونہ مرگ ٹنل کی بدولت تمام موسموں میں سڑک رابطوں کی دستیابی ممکن ہونے کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر اور لداخ خطوں میں دیرپا ترقی کو یقینی بنانے میں بھی مدد ملے گی۔

.....................**(Nitan Gadkari)...Byte**.....................

ایل جی

اس تقریب سے خطاب کرتے ہوئے لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں جموں کشمیر ترقی کی نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے اور جموں کشمیر صحیح معنوں میں ایک بہترین جگہ کے طور پر ابھر رہا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ 2 ہزار 7 سو کروڑ روپے لاگت والے اس ٹنل پروجیکٹ سے خطے میں مثبت تبدیلی رونما ہوگی ۔ انہوں نے کہا کہ جموں کشمیر اب نامسائد حالات کو پیچھے چھوڑ کر سیاحتی اور ترقیاتی سرگرمیوں کا ایک بہترین مرکز بن رہا ہے ۔

...... ...... ...... **(LG)...Byte** ...... ...... ......

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سردی کے اس موسم میں سونہ مرگ ٹنل کا افتتاح کرنے کیلئے وزیر اعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کے پروجیکٹوں سے وادی میں لوگوں کو تمام موسموں کے دوران ایک جگہ سے دوسری جگہ تک آنے جانے میں کافی آسانی پیدا ہوگی ۔ تاہم انہوں نے اپنے خطبے میں امید ظاہر کی کہ وزیر اعظم نریندر مودی جموں کشمیر کا ریاست کا درجہ بحال کرنے کا اپنا وعدہ بھی جلد ہی پورا کریں گے ۔

...... ...... ...... **(CM)...Byte** ...... ...... ......

وزراء

افتتاحی تقریب پر سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ ، سڑک وٹرانسپورٹ کے مرکزی وزیر مملکت اجے تمتا ، نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری ممبر پارلیمنٹ غلام علی کھٹانہ ، اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما اور کئی دیگر اہم شخصیات بھی موجود تھیں ۔

تاجر

سونہ مرگ ٹنل کو گاڑیوں اور لوگوں کی آوا جائی کیلئے کھولنے اور وزیر اعظم نریندر مودی کی طرف سے اس کا افتتاح کرنے پر علاقے کے لوگ کافی خوش ہیں ۔ ایک مکین کے تاثرات ۔

............ **Byte** ............ **(Commn Man)** ............

رپورٹ

آکاشوانی نیوز سرینگر کی ایک ٹیم بھی آج دن بھر سونہ مرگ میں موجود رہی ۔ ٹیم نے ٹنل پروجیکٹ سے متعلق سونہ مرگ سے ہمیں یہ رپورٹ دی

...... ...... ...... ...... **V/o**

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں ۔
خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکیشن نیوز آن اے آئی آر اور **DTH** پر بھی سماعت کر سکتے ہیں ۔
خبروں کے بلیٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس

**akashvanisrinagarnews@gmail.com**

پر بھیج سکتے ہیں ۔

نشہ مکت

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دینے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں ۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام ۔

...... ...... ...... **(PM)...Byte** ...... ...... ......

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے ہر سطح پر کاوشیں جاری ہیں ۔ اس حوالے سے جب شعبہ خبر نے جموں کے ایک معروف سماجی کارکن نریندر شرما کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

...... ...... ...... **(Narinder Sharma)...Byte** ......

تپ دق

ملک کے دیگر حصوں کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی سو دنوں پر مشتمل تپ دق مخالف مہم شدو مد سے جاری ہے اور اس بیماری میں مبتلا مریض آگے آکر اپنا علاج کرا کے صحت یاب ہو رہے ہیں ۔ اسی طرح کے ایک مریض کے تاثرات ۔

...... ...... ...... **(Patient)...Byte** ...... ...... ......

حج

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے آج جدہ میں سعودی عرب کے حج وعمرہ کے وزیر ڈاکٹر توفیق بن

فوزان الربیہ کے ساتھ حج 2025 معاہدے پر دستخط کئے ۔اس معاہدے کی رو سے بھارت کو آنے والے حج کیلئے ایک لاکھ 75 ہزار 25 حج سیٹوں کا کوٹا حاصل ہوگا ۔

مہا کنبھ

اُتر پردیش کے شہر پریاگ راج میں آج پاش پورنیما کے موقعے پر آج سے مہا کنبھ شروع ہوا ۔ دنیا کے اس سب سے بڑے روحانی اور ثقافتی میلے میں آج چھ ملین سے زیادہ شردھالوؤں نے امرت سنان میں حصہ لیا ۔ شردھالو تریوینی سنگم کے مختلف علاقوں پر پوتر ڈوبکی میں حصہ لے رہے ہیں ۔ مہا کنبھ 26 فروری کو مہا شیوراتری کے موقعے پر اختتام کو پہنچے گا ۔

لوہری

ملک بھر میں آج لوہری کا تہوار جوش وخروش کے ساتھ منایا جارہا ہے ۔ یہ تہوار شمالی بھارت میں فصلوں کی کٹائی اور گرمی کے موسم کی آمد کی علامت ہے ۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو ، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ ، وزیر اعظم نریندر مودی ، لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور دیگر کئی اہم شخصیات نے لوہری کے موقعے پر عوام کو مبارک باد دی ہے ۔

BJP

BJP جموں کشمیر کی طرف سے بھی جموں میں پارٹی ہیڈ کواٹر پر لوہری کے سلسلے میں ایک تقریب منعقد ہوئی ۔جس میں BJP جموں کشمیر کے جنرل سیکریٹری اشوک کول کے علاوہ کئی دیگر لیڈروں نے بھی شرکت کی ۔ ان لیڈروں نے لوگوں کو لوہری کی مبارکباد دی ۔

مبارکباد

ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات نے جموں کشمیر کے لوگوں بالخصوص پولیس اہلکاروں اور ان کے کنبوں کو لوہری کی مبارکباد دی ہے ۔

دن

کل پورے ملک میں آرمڈ فورسز Veterans ڈے منایا جارہا ہے ۔ یہ دن بھارتی فوج کے پہلے سربراہ فیلڈ مارشل KM Cariappa کی طرف سے انجام دی گئی خدمات کی یاد میں منایا جاتا ہے ۔

فوجی سربراہ

فوج کے سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی نے کہا ہے کہ شمالی سرحدوں پر صورتحال حساس تاہم قابو میں ہے ۔نئی دلی میں آج بھارتی فوج کی سالانہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ فوج کسی بھی ناخوشگوار صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار ہے اور بھارتی فوج سرحدی علاقوں میں موثر بنیادی ڈھانچہ تعمیر کرنے کی طرف توجہ دے رہی ہے ۔ انہوں نے مزید کہا کہ جموں کشمیر میں صورتحال کنٹرول میں ہے اور یہ علاقہ اب دہشت گردی کو پیچھے چھوڑ کر سیاحت کی طرف بڑھ رہا ہے ۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ موجودہ سرکار جموں کے سیاحتی وسائل کو بروئے کار لانے کی وعدہ بند ہے ۔ چاروا مانسر کے دوران لوگوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سرکار تمام خطوں کی مساوی ترقی کو یقینی بنانے کیلئے کام کررہی ہے ۔

پولیس

پولیس نے منشیات کے خلاف اپنی کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے آج سرینگر، اونتی پورہ اور سوپور سے تعلق رکھنے والے پانچ منشیات فروشوں کو گرفتار کیا ہے ۔ ان کے قبضے سے کچھ نشیلی اشیاء بھی برآمد کی گئی ہے ۔

پولیس نے اونتی پورہ میں غیر قانونی طور معدنیات نکالنے کی پاداش میں دو افراد کو ان کی گاڑیوں سمیت گرفتار کیا ہے ۔

عُرس

حضرت سیدنا عباسؓ ، سیدنا حضرت علیؓ اور حضرت سید شاہ ہمدانؒ کے عرس مبارک آج عقیدت و احترام کے ساتھ منائے گئے ۔ اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ پر دینی مجالس کا انعقاد کیا گیا ۔

اطلاع

سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر نے تدریسی سال 2025 کیلئے 18 پوسٹ گریجوٹ پروگراموں میں آن لائن درخواست فارم جاری کئے ہیں ۔ خواہشمند امیدوار اپنے فارم یکم فروری 2025 تک آن لائن جمع کراسکتے ہیں ۔

عرس

حضرت سیدنا عباسؓ ، سیدنا حضرت علیؓ اور حضرت سید شاہ ہمدانؒ کے عرس مبارک آج عقیدت و احترام کے ساتھ منائے گئے ۔اس سلسلے میں ان کے آستان عالیہ پر دینی مجالس کا انعقاد کیا گیا۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے ۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 10.6 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 1.5 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 20 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 2.7 ڈگری سیلسیس تھا۔

**سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7 بجکر 37 منٹ پر اور غروب آفتاب شام 5 بجکر 42 منٹ پر ہوگا ۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح 7 بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ ۔**